رہبر معظم کا ڈاکٹر سید صادق طبابائی کے انتقال پر تعزیتی پیغام - 22 /Feb/ 2015

رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای نے اپنے ایک پیغام میں جناب ڈاکٹر سید صادق طبابائی کے انتقال پر تعزیت اور تسلیت پیش کی ہے۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی کے پیغام کا متن حسب ذیل ہے:

بسم اللہ الرحمن الرحیم

محترمہ ڈاکٹر فاطمہ طباطبائی دامت توفیقاتھا

آپ کے محترم اور معزز بھائی اور اپنے دیرینہ دوست مرحوم ڈاکٹر سید صادق طباطبائی رحمۃ اللہ علیہ کےدردناک انتقال پر تعزیت و تسلیت پیش کرتا ہوں اور اللہ تعالی کی بارگاہ سے مرحوم کے لئے رحمت، مغفرت اور بخشش طلب کرتا ہوں اور تمام پسماندگان اور داغدار خاندانوں کے لئے صبر اجر طلب کرتا ہوں۔

سید علی خامنہ ای

3/اسفندماہ/1393